Oslo

Osloskolen (اوسلو سکول)

02.05.2023
اوسلو

2022 تا 2023 کے تعلیمی سال میں اوسلو سکول شروع کرنے والے اور پہلی سے تیسری جماعت کے طلباء کے والدین کے لیے

**2023 تا 2024 کے تعلیمی سال میں پہلی سے چوتھی جماعت والوں کے لیے ایکٹیویٹی سکول میں مفت جز وقتی جگہ**

پہلی سے چوتھی جماعت کے تمام طلباء کو تعلیمی سال 2023 تا 2024 میں ایکٹیویٹی سکول (AKS) کی مفت پیشکش کی جاتی ہے۔ یہ پیشکش جز وقتی جگہ کی ہے اور اگست 2023 سے ہے۔

**AKS میں مفت جز وقتی جگہ کیا ہے؟**

- سکول کے اوقات کے بعد روزانہ 12 گھنٹے یکساں طور پر تقسیم کیے جاتے ہیں۔ اس سے طالب علموں کو پیشکش میں باقاعدگی اور اچھا میعار ملتا ہے۔
- پھر سکول کی چھٹیوں کے دوران فی ہفتہ 2 دن ملتے ہیں۔ موسم خزاں اور موسم سرما کی تعطیلات، کرسمس اور ایسٹر کی تعطیلات اور جولائی کے علاوہ گرمیوں کی تعطیلات کے ہر ہفتے میں (AKS جولائی میں بند ہوتا ہے)۔
- سکول کے منصوبہ بندی کے دنوں میں اور دیگر چھٹیوں میں آدھا دن ملتا ہے - AKS سکول کے منصوبہ بندی کے دنوں کے سلسلے میں سال میں دو دن تک بند ہو سکتا ہے۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ بچہ کو AKS میں ایک مکمل پیشکش ملے تو آپ کم قیمت پر کل وقتی جگہ کے لیے درخو است دے سکتے ہیں۔

**کم قیمت پر کل وقتی جگہ**

کل وقتی جگہ کی قیمت کا انحصار والدین کی آمدنی پر ہوتا ہے، اور اسکا خرچہ ہر ماہ 1,342 نارویجن کرونر تک ہو سکتا ہے۔ ایک کل وقتی جگہ کے ساتھ بچہ سکول سے پہلے، سکول کے بعد، اور سکول کی تعطیلات کے دوران تمام دن (جولائی کے علاوہ) AKS میں رہ سکتا ہے۔

**AKS میں جگہ کے لیے درخواست بھیجنے کا طریقہ**

AKS میں بچوں کا اندراج کرنے کے لیے والدین کو اوسلو بلدیہ کی ویب سائٹ [www.oslo.kommune.no/skole-og-utdanning/aktivitetsskolen/sok-plass-pa-aktivitetsskolen](www.oslo.kommune.no/skole-og-utdanning/aktivitetsskolen/sok-plass-pa-aktivitetsskolen) پر موجود درخواست کے پورٹل کا استعمال کرنا ہوگا۔ یہ جاننے کے لیے کہ کون سے سکول AKS کی مفت جز وقتی جگہوں کی پیشکش کر رہے ہیں آپ اس ویب سائٹ پر جائیں [https://www.oslo.kommune.no/skole-og-utdanning/aktivitetsskolen/gratis-deltidsplass/](https://www.oslo.kommune.no/skole-og-utdanning/aktivitetsskolen/gratis-deltidsplass/)

**شرکت میں اضافہ اور زبان کی اہلیت میں تقویت**

AKS سیکھنے کا ایک متبادل میدان ہے جس کا مقصد کھیل اور سیکھ کے ذریعے بچوں کی تعلیمی اور سماجی ترقی کو مضبوط بنانا ہے۔ AKS سکول کے ساتھ مل کر ایک جامع پیشکش فراہم کرتا ہے۔

آپ پیشکش کے مواد کے بارے میں یہاں پڑھ سکتے ہیں:

- SFO کے لیے فریم ورک کا منصوبہ
- اوسلو میں AKS کے لیے مقامی رہنما
- گھر اور سکول میں تعاون کے لیے رہنما

AKS میں مفت جز وقتی جگہ کا مقصد ہے:

- شرکت میں اضافہ کرنا
- طلباء کی زبان کی مہارت کو مضبوط بنانا
- معیار کو بلند کرنا اور مساوی پیشکش کو یقینی بنانا

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں تو سکول سے رابطہ کریں۔

نیک تمناوں کے ساتھ، اوسلو سکول